دار العلوم کے شب و روز

جناب شفیق الدین فاروقی

سعودی عرب کے مفتی اعظم سماحۃ الشیخ عبداللہ بن باز رحمہ اللہ کی رحلت پر ایوان شریعت میں تعزیتی جلسہ :

عالم اسلام کے عظیم بلند مرتبہ شخصیت الشیخ عبدالعزیز بن باز رحمہ اللہ کی یاد میں دارالعلوم کے ایوان شریعت ہال میں ایک تعزیتی جلسہ منعقد ہوا۔ دارالعلوم کے ڈھائی ہزار سے زائد طلباء نے کئی قرآن پاک کے کئی ختمات شیخؒ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے تلاوت کیے۔ بعد میں حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے حضرت شیخؒ کی شخصیت کے متعدد پہلوؤں پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ اور آپکی عالم اسلام کیلئے شاندار خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے فرمایا کہ مجھے بھی ان سے مسجد الحرام اور مدینہ یونیورسٹی میں شرف تلمذ حاصل ہوا۔ مولانا مرحومؒ کا علمی تبحر اور قوت حافظہ بے مثال تھا۔ عجز و انکساری اور جود و سخا آپ کے امتیازی صفات تھے۔ عالم اسلام مرحومؒ کی شاندار خدمات پر ہمیشہ انہیں یاد رکھے گا۔ تقریب میں جناب ڈاکٹر مولانا سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ نے بھی شیخؒ کے بارے میں تفصیل سے طلباء کو خطاب فرمایا۔ اور مرحومؒ کی سوانح عمری اور علمی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ آخر میں عالم اسلام کے عظیم مربی، عالم اور ادیب بے مثال، مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہ کی بیماری کیلئے خصوصی دعا فرمائی گئی۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے حضرت علی میاں مدظلہ کو عالم اسلام کا سب سے بڑا سرمایہ افتخار قرار دیا۔ اور انکی صحت یابی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ اسی طرح کراچی کے ایک عظیم عالم دین مولانا سبحان محمود صاحب رحمہ اللہ کی وفات پر انکی مغفرت کیلئے بھی دعا کی گئی۔

افغان وزیر اور مشہور جرنیل مولانا جلال الدین حقانی کی دارالعلوم تشریف آوری :

افغانستان کے سیم جہادی کمانڈ تحریک طالبان کے مشفق رہنما اور وزیر سرحدات و قبائل 23 مئی کو مادر علمی دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے اور کئی گھنٹے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر آپ سے ملاقات کی اور تحریک طالبان اور افغانستان کے حالات پر آپ نے حضرت مہتمم صاحب سے تبادلہ